## سوال

فرشتے کی نقل کرکے ویڈیو بنانا اور دیکھنا

## جواب

سوال : السلام علیکم کیا جو عذاب قبر والی ویڈیو بنائی گئی ہے اس میں فرشتے کی نقل بنانا کیا یہ درست عمل ہے ؟ ویڈیو بہت عبرتناک ہے۔

جواب : اصول یہی ہے کہ آپ کسی نبی یا رسول یا فرشتے کو فلما نہیں سکتے ہیں :

**۱** ۔ کیونکہ یہ ایک طرف تو ان کی عصمت ، تقدس اور احترام کے منافی ہے یعنی جیسے آپ فرشتہ دکھا رہے ہیں ، وہ تو انسان ہونے کی وجہ سے گناہ گار ہے جبکہ اصلا فرشتہ تو معصوم ہے۔

**۲**۔ اور دوسری طرف صریح بہتان اور جھوٹ بھی ہے یعنی جسے آپ فرشتہ دکھا رہے ہیں وہ حقیقت میں فرشتہ نہیں ہے لہذا جھوٹ اور بہتان ہوا۔

**واللہ اعلم بالصواب**